نوٹس برائے دوسرا سالانہ اجلاسِ عام

بذریعہ ھذا نوٹس مطلع کیا جاتا ہے کہ پی آئی اے ہولڈنگ کمپنی لمیٹڈ (پی آئی اے ایچ سی ایل) کے ممبران کا دوسرا سالانہ اجلاسِ عام بروز پیر، 28 ستمبر 2026 کو صبح 11:00 بجے ہوٹل رمادا، اسلام آباد میں اور ویڈیو لنک کی سہولت کے ذریعے منعقد کیا جائے گا، جس میں درج ذیل امور پر غور کیا جائے گا:

عمومی امور

1. 31 دسمبر 2025 کو ختم ہونے والے سال کے لیے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے وصول اور منظور کرنا، بشمول چیئرمین کا جائزہ اور ان پر ڈائریکٹرز اور آڈیٹرز کی رپورٹس۔
2. مالی سال 2026 کے لیے بیرونی آڈیٹرز کا تقرر کرنا اور ان کے معاوضے کا تعین کرنا۔
3. چیئرمین (اجلاس کی صدارت کرنے والے) کی اجازت سے کوئی اور معاملہ نمٹانا۔

کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ (7) 223 کے تقاضوں کے مطابق، 31 دسمبر 2025 کو اختتام پذیر ہونے والے سال کے لیے کمپنی کے آڈٹ شدہ مالیاتی گوشوارے، نیز ان کے ساتھ چیئرمین کا جائزہ، ڈائریکٹرز کی رپورٹ اور آڈیٹرز کی رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ پر اپ لوڈ کر دی گئی ہیں، جنہیں درج ذیل ویب سائٹ لنک اور QR کوڈ کے ذریعے ڈاؤن لوڈ کیا جا سکتا ہے:

https://piahcl.com.pk/investor-information

بورڈ کے حکم سے

اسلام آباد: 07 ستمبر 2026

عادل جمال
قائم مقام کمپنی سیکریٹری

نوٹس:

مذکورہ بالا لنک کے ذریعے رسائی کے علاوہ، سالانہ رپورٹ 2025 ممبران کو ان کے ان ای میل پتوں پر بھی بھیجی جائے گی جو پی آئی اے ہولڈنگ کمپنی لمیٹڈ ("کمپنی") کے ریکارڈ میں موجود ہیں؛ نیز یہ رپورٹ کمپنی کی ویب سائٹ www.piahcl.com.pk پر بھی دستیاب ہے۔

کتب کی بندش کا نوٹس

1. کمپنی کے شیئر ٹرانسفر رجسٹرز **منگل، 22 ستمبر 2026 سے پیر، 28 ستمبر 2026 تک (بشمول دونوں دن)** بند رہیں گے، جس دوران رجسٹریشن کے لیے شیئرز کی منتقلی کی کوئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔ پی آئی اے ایچ سی ایل کے شیئر رجسٹرار / ٹرانسفر ایجنٹ، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک 'بی'، ایس۔ ایم۔ سی۔ ایچ۔ ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی میں، **پیر، 21 ستمبر 2026** کو شام 5:00 بجے تک موصول ہونے والے ٹرانسفرز کو اور ضابطے کے مطابق درست منتقلی کی درخواستوں کو مذکورہ بالا استحقاق کے لیے بروقت تصور کیا جائے گا۔

ای میل کے ذریعے نوٹس کی ترسیل

ایس آر او 452(I)/2025 کے تحت، سالانہ عام اجلاس کا نوٹس قابلِ اطلاق قوانین کے مطابق ممبران کو کمپنی کے پاس موجود ان کے رجسٹرڈ ای میل پتوں پر بھیجا جائے گا۔

اجلاس میں شرکت کے لیے

I. انفرادی حیثیت میں، اکاؤنٹ ہولڈر یا سب اکاؤنٹ ہولڈر اور/یا وہ شخص جس کی رجسٹریشن کی تفصیلات سی ڈی سی ضوابط کے مطابق اپ لوڈ کی گئی ہیں، اجلاس میں شرکت کے وقت اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا اصل پاسپورٹ دکھا کر اپنی شناخت کی تصدیق کرے گا۔

II. کارپوریٹ ادارے کی صورت میں، اجلاس کے وقت بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد/اختیار نامہ بمعہ نامزد شخص کے دستخط کے نمونے پیش کیے جائیں گے (سوائے اس کے کہ یہ پہلے ہی فراہم کیے جا چکے ہوں)۔

پراکسی (نمائندے) کی تقرری کے لیے

III. کمپنی کا کوئی بھی ممبر جو سالانہ عام اجلاس میں شرکت اور ووٹ دینے کا حقدار ہو، کسی دوسرے ممبر کو اپنی جگہ شرکت اور ووٹ دینے کے لیے بطور پراکسی مقرر کر سکتا ہے۔ تاہم، کارپوریٹ ادارے ایسے شخص کو پراکسی مقرر کر سکتے ہیں جس کا ممبر ہونا ضروری نہیں ہے۔ پراکسی فارم اجلاس سے کم از کم 48 گھنٹے قبل کمپنی کے رجسٹرڈ دفتر: چوتھی منزل، پی آئی اے بلڈنگ، 49-اے کے ایم فضل الحق روڈ، بلیو ایریا، اسلام آباد، پاکستان میں جمع کرائے جانے چاہئیں۔ انگریزی اور اردو دونوں زبانوں میں دستیاب پراکسی فارم کمپنی کی ویب سائٹ www.piahcl.com.pk سے ڈاؤن لوڈ کیے جا سکتے ہیں۔

IV. سی ڈی سی ضوابط کے تحت رجسٹرڈ انفرادی اکاؤنٹ ہولڈرز یا سب اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ اجلاس میں اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کر کے اپنی شناخت کی تصدیق کرائیں۔ کارپوریٹ اداروں کے لیے، بورڈ آف ڈائریکٹرز کی قرارداد یا اختیار نامہ بمعہ نامزد شخص کے دستخط کے نمونے بھی پیش کیے جانے چاہئیں، الا یہ کہ وہ پہلے ہی جمع کرائے جا چکے ہوں۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز کے لیے ضروری ہے کہ وہ 26 جنوری 2000 کے سرکلر 1 میں بیان کردہ ایس ای سی پی کی ہدایات پر عمل کریں۔

V. پراکسی فارم کی تصدیق دو افراد کی جانب سے کی جانی چاہیے، جن کے نام، پتے اور کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر شامل ہوں۔ پراکسی فارم کے ساتھ مستفید مالک (beneficial owner) اور پراکسی کے شناختی کارڈ یا پاسپورٹ کی تصدیق شدہ کاپیاں منسلک ہونی چاہئیں اور پراکسی کو اجلاس میں اپنا اصل کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ یا پاسپورٹ پیش کرنا ہوگا۔ کارپوریٹ اداروں کے لیے ضروری ہے کہ وہ پراکسی فارم کے ساتھ ساتھ بورڈ کی قرارداد یا مختار نامہ کمپنی کو جمع کرائیں، بشرطیکہ یہ پہلے ہی فراہم نہ کیا گیا ہو۔

پتے کی تبدیلی

I. ایسے حصص یافتگان (جن کے پاس فزیکل شیئر سرٹیفکیٹس/اسکرپس موجود ہیں) سے درخواست کی جاتی ہے کہ وہ اپنے پتے میں کسی بھی تبدیلی کی صورت میں کمپنی کا نام اور اپنا متعلقہ فولیو نمبر بتاتے ہوئے فوری طور پر سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، 99-بی، بلاک 'بی'، ایس۔ایم۔سی۔ایچ۔ایس، مین شاہراہِ فیصل، کراچی، کو مطلع کریں۔ سی ڈی سی اکاؤنٹ ہولڈرز اپنے متعلقہ سی ڈی سی پارٹیسیپنٹ/بروکر/انویسٹر اکاؤنٹ سروسز سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

PIAHCL
PIA Holding Company Ltd.

شیئرز کی بک-انٹری فارم میں منتقلی

II. کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 72 کے تحت، تمام لسٹڈ کمپنیوں کے لیے لازم ہے کہ وہ کمپنیز ایکٹ 2017 کے نفاذ کے چار سال کے اندر فزیکل شیئرز کو بک-انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ مزید بر آں، ایس ای سی پی نے اپنی ہدایت نمبر-CSD/ED/Misc/2016-639-640 (مورخہ 26 مارچ 2021) کے ذریعے ہدایت کی تھی کہ ایکٹ کے سیکشن 72 کی تعمیل کی جائے اور حصص یافتگان کی حوصلہ افزائی کی جائے کہ وہ اپنے فزیکل شیئرز کو بک-انٹری فارم میں تبدیل کریں۔ لہذا، کمپنی کے ان تمام حصص یافتگان سے درخواست کی جاتی ہے جن کے پاس فزیکل شیئرز موجود ہیں کہ وہ جلد از جلد اپنے شیئرز کو بک-انٹری فارم میں تبدیل کروالیں۔ حصص یافتگان فزیکل شیئرز کو بک-انٹری فارم میں تبدیل کروانے کے لیے کمپنی یا شیئر رجسٹرار، سی ڈی سی شیئر رجسٹرار سروسز لمیٹڈ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

آن لائن شرکت

III. سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کی ہدایات کے مطابق، کمپنی نے ممبران کے لیے سالانہ عام اجلاس میں آن لائن شرکت کے لیے ویڈیو لنک کی سہولت کا انتظام کیا ہے۔ ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شرکت کرنے کے لیے ممبران سے درخواست ہے کہ وہ اپنی رجسٹریشن کیلئے اجلاس کی تاریخ اور وقت سے کم از کم 24 گھنٹے قبل درج ذیل معلومات، کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ پاسپورٹ کی درست نقل یا (کارپوریٹ شیئر ہولڈرز کی صورت میں) بورڈ ریزولوشن / اقرار نامہ کی تصدیق شدہ نقل کے ساتھ، cdcsr@cdcsrsl.com پر، ای میل درج ذیل عنوان کے ساتھ
"Registration for PIA Holding Company Limited - Second Annual General Meeting" ارسال کریں۔

شیئرہولڈر کا نام	فولیو نمبر / سی ڈی ایس نمبر	کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر / نیشنل ٹیکس نمبر	موبائل نمبر	ای میل ایڈریس

ضروری تصدیق کے بعد رجسٹر ہونے والے ممبران کو کمپنی کی جانب سے جوابی ای میل کے ذریعے ویڈیو لنک فراہم کیا جائے گا۔ لاگ ان کی سہولت اجلاس کے آغاز سے لے کر اس کی کارروائی کے اختتام تک دستیاب رہے گی۔

شیئر ہولڈرز سالانہ اجلاسِ عام کے ایجنڈے میں شامل امور کے حوالے سے اپنے تبصرے اور سوالات ای میل ایڈریس Secretary@piahcl.com.pk پر بھی بھیج سکتے ہیں۔

تحائف، کوپنز / واؤچرز یا کسی بھی دوسری قسم کے تحفے کی تقسیم پر پابندی

IV. کمپنیز ایکٹ 2017 کی دفعہ 185 اور ایس ای سی پی کی ہدایات (بذریعہ S.R.O. 452(I)/2025 مورخہ 17 مارچ 2025) کی تعمیل میں، سالانہ اجلاسِ عام کے موقع پر کوئی تحفہ، نقد رقم، کوپن / واؤچر یا کسی بھی دوسری قسم کا تحفہ تقسیم نہیں کیا جائے گا۔